BN-IX-XXIII-I 2023

106

کل وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ | مطالعہ قرآن (لازمی، نہم) | نمبر: 40

(Fresh/Re-appear)

(حصہ دوم و سوم)

نوٹ: دونوں حصوں کو دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔

## (حصہ دوم) نمبر: 24

سوال 2: ذیل میں سے (چھ) اجزاء کے 4/5 سطور میں جواب لکھیں۔ ہر جزو کے نمبر برابر ہیں۔

i. قرآن حکیم میں کتنے انبیاء کرام کے ناموں کا ذکر کیا گیا ہے اور زمانے کی ترتیب کے اعتبار سے حضرت عزیر السلام کے بعد کس پیغمبر کا ذکر آیا ہے؟

ii. حضرت مریم کس کی بیٹی تھیں اور قرآن حکیم کی کتنی سورتوں میں ان کا ذکر ہے؟

iii. اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کو کس قوم کی طرف رسول بنا کر بھیجا تھا اور انہیں کونسی کتاب عطا فرمائی؟

iv. حضرت حنہ نے کیا منت مانی تھی؟ اور انہوں نے یہ منت کیسے پوری کی؟

v. حضرت عیسیٰؑ نے حضرت مریم کی گود میں جو باتیں کیں ان میں سے دو باتیں لکھیں۔

vi. وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَالطَّيْرَ ۚ وَكُنَّا فٰعِلِيْنَ ○ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد کو دیے گیے کون سے دو معجزات کا ذکر کیا ہے؟

vii. اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ. اس آیت میں حضرت ابراہیمؑ نے اپنے والد کو بتوں کے بارے میں کون سی دو باتیں کہیں؟

viii. قوم لوط کس جرم میں مبتلا تھی؟ اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو کس عذاب سے ہلاک کیا؟

ix. حضرت لوطؑ کو اللہ تعالیٰ نے کن دو بستیوں کی طرف نبی بنا کر بھیجا تھا؟

## (حصہ سوم) نمبر: 16

نوٹ: ذیل میں سے کوئی سے (دو) سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال 3: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات بیان کریں۔

سوال 4: ترجمہ کریں: مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ○ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ○

سوال 5: ترجمہ کریں: وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ○

www.ilmkidunya.com